پرم پتا پرماتما کی عظیم عنایت سے مفید عالم جنتری اُردو۔ ہندی۔ پنجابی اور پنچانگ دواکر (ہندی) کو شائع ہوتے ہوے آئندہ برس کی جنتری کو ایک سو چوتالیس (۱۴۴) سال ہوجائیں گے۔ جو اپنے آپ میں ایک ریکارڈ ہے۔ اس جنتری / پنچانگ کے رہنما بانی مشہور عالم پنڈت دیوی دیال جیوتشی (لاہور والے) جو کہ ہمارے پوجیہ پتا ماہ تھے، ان سے لیکر آج تک کے عرصہ میں ہماری جنتری اور دوسری اشاعتوں کو جو ملکی اور غیر ملکی شہرت ومقبولیت حاصل ہوئی ہے وہ جنتری کے قدردانوں سے چھپی نہیں ہے۔ اس میں کارآمد مضامین، بابت علم نجوم، مذہبی، فلسفی اور سال بھر کے تمام اہم واقعات ایسے سلیس اور عام فہم زبان میں درج ہوتے ہیں۔ جنہیں پڑھ کر ہر مذہب وملت کے احباب استفادہ حاصل کرسکتے ہیں۔ انہیں خوبیوں کی وجہ سے مفید عالم جنتری کے قدردان ملک ہی نہیں بلکہ بیرون ملک میں بھی زیادہ پائی جاتی ہے۔ ہم جنتری کے قارئین کو خبردار کرتے ہیں کہ جنتری کے سرورق (صفحہ ۲) پر مصنف پنڈت پنالال جیوتشی کا نام اور فوٹو ضرور دیکھ لیا کریں۔ ایشور (خدا) کی مہربانی سے گذشتہ سالوں کی بہت سی ہماری پیشین گوئیاں جو کہ پنچانگ اور مفید عالم جنتری اُردو ہندی پنجابی میں شائع ہوچکی ہیں اور ہو بہو درست ثابت ہوتی آئی ہیں۔ گذشتہ سالوں کی پیشن گوئیاں مثال کے طور پر اگلے صفحہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

گذشتہ سالوں کی کچھ چنندہ پیشین گوئیاں

۲۰۰۶ء کی مفید عالم جنتری میں ۲۴ مئی سے ۲ جولائی کے درمیان منگل شنی کا یوگ ہونے سے بھارت کے کچھ صوبوں کشمیر، اتر پردیش، مہاراشٹر، گجرات، آندھر پردیش وغیرہ صوبوں میں بدامنی دہشت گردی اور دھماکہ خیز کی وارداتیں ہونا۔ صفحہ ۲۷ بدقسمتی سے یہ پیشن گوئیاں بھی صحیح ثابت ہوئی۔ صفحہ نمبر ۲۹ پر صاف طور پر دیکھیں ۲۰۰۷ء کی مفید عالم جنتری میں دیکھیں پاکستان کے جنرل مشرف کو اپنے ملک میں مخالفت کا سامنا ہونا۔ ملک کے اندر بدامنی اور دھماکہ خیز وارداتوں میں اضافہ ہوگا۔ بے نظیر کی زندگی کو خطرہ۔ سال ۲۰۰۸ کی جنتری میں صفحہ (۲۵) کالم II پر پاکستان میں جنرل مشرف کا عہدے سے مسترد ہونا۔ وہاں بدامنی اور دھماکہ ہونا۔ (صفحہ ۲۷ کالم I) اور سال ۲۰۰۹ء کی جنتری میں پاکستان، افغانستان، شری لنکا، نیپال میں اندرونی حالات بگڑنا، وہاں قدرتی آفات کے ساتھ دہشت گردی میں اضافہ ہونا۔ صفحہ 27 کالم I، امریکہ کے نئے صدر براق اُبامہ کو کامیابی کے یوگ۔

۲۰۱۰ء کی جنتری میں صفحہ ۲۲ سے آگے کے صفحوں تک دیکھیں بھارت کے مشرقی حصوں میں بھاری بارش زبردست سیلاب سے کھڑی فصلوں اور قدرتی آفات سے بھاری جان و مال اور رہائشی علاقوں کے مزید نقصانات و عوام میں غصہ کے باوجود ہریانہ میں کانگریس سرکار (بھوپندر سنگھ ہڈا) پھر سے حکومت میں آنا۔ دیکھیں صفحہ ۱۹ پر۔ جنتری ۲۰۱۱ء میں بڑے پیمانے پر گھوٹالہ اور بھرشٹار جار کو ہونا (صفحہ ۲۳)۔ اناج، تیل، گھی، تیل، سونا، چاندی، دالیں دودھ سبزیاں پٹرول وغیرہ کے نرخوں میں زبردست تیزی کا ہونا (صفحہ ۳۳ کالم I-II پر دیکھیں)

۲۰۱۲ء کی مفید عام جنتری میں صفحہ ۲۷ پر پڑھیں بادشاہ وزیر شکر ہونے سے سوسائٹی میں عورتوں اور مردوں میں باہری دکھاوہ، بناوٹی خوبصورتی، شنگار اور فیشن پرستی بڑھے گی۔ سنیما، موسیقی اداکاری ناچ گانا، راگ رنگ زیادہ ہونگے۔ اسی صفحہ کالم I مہنگائی اور بڑھے گی۔ لیکن پھر بھی عیش و آرام کی اشیاء کی خرید و فروخت بڑھے گی۔۔ عام استعمال میں کی جانے والی چیزوں کی قیمتوں میں زبردست تیزی آجانے سے عام لوگوں میں غصہ۔ سونا، چاندی، تانبہ وغیرہ نگینے وغیرہ جواہرات میں تیزی کا رجحان رہیگا۔ چوری، ٹھگی، بے ایمانی، لوٹ مار وغیرہ کی وارداتوں میں اضافہ ہوگا۔ ساسی پارٹیوں میں ٹکراؤ، (صفحہ ۲۷) ،عورتوں کے ظلم اور زیادتی کے جرم اضافہ ہوگا۔ سبھی طرح کے اناج، چینی، گڑ، دودھ، دوائیاں، تیل، گھی، پٹرول وغیرہ اشیاء میں تیزی کا ہونا۔ دیکھیں صفحہ ۲۷ کالم II پر۔ پاکستان کی ہندوستان کے ساتھ دہشت گردی گھس پیٹھ، جعلی کرنسی کے واقعات کے زیر نظر تناؤ بنا رہیگا۔ صفحہ ۲۹ پر۔ پنجاب کے عنوان سے پڑھیں کہ آخر اکالی بھاجپا گٹھ بندھن کے دوبارہ چنے جانے کے یوگ ہیں (صفحہ ۳۱ کام II)۔ یوپی اے II کانگریس سرکار کو مزید گھوٹالوں، مہنگائی، بیروزگاری اور نئے نئے ٹیکسوں وغیرہ کے مسائل کی وجہ سے اسکے مقبولیت کو گہرا دھکا پہنچے گا۔

سال ۲۰۱۳ مفید عالم جنتری صفحہ ۲۵ پر خاص پیشن گوئی کے مطابق بھارت، پاکستان، سیریا، عراق وغیرہ ترقی پزیر ملکوں میں میں سیاسی، سماجک، اور اقتصادی حالت ہونگے۔ عرب اور مسلم ممالک میں جیسے سیریا، مصر، لیبیا، سوڈان اور انقلابی تبدیلیاں رونما ہونگے۔ ہندوستان، پاکستان سمیت یورپین ممالک جیسے اسپین، فرانس، انگلینڈ، اٹلی، پرتگال، مالی مندی اور اقتصادی مشکلات کے گرفت میں آجائیں گے۔ موجودہ وزیر اعظم اور یوپی اے سرکار کے وقار کو گہرا دھکا لگیگا۔ آگامی انتخابات میں بھاری نقصان اٹھانا پڑیگا۔ سرحدی علاقوں میں چین اور پاکستان کی جانب نقل و حرکت شروع ہونگی۔ صفحہ ۳۰ پر تیل، پیٹرول وغیرہ بلڈنگ میٹریل کے کاروباری کو فائدہ اتراکھنڈ کے متعلق قدرتی آفات رونما ہوئے ہیں وہ بھی بدقسمتی سے واقع صحیح ہوئے۔ صفحہ ۲۹ پر قدرتی آفات، سیلاب، زلزلہ آنا۔ پاکستان اور مسلم ممالک میں دہشت گردی اور انقلابی تبدیلیاں ہوئے۔ پاکستان میں وزیر اعظم راجا پرویز اشرف کا مقرر وقفے تک بنے رہنا تشوشیناک ہے۔ سال ۲۰۱۴ کی جنتری میں صفحہ ۳۶ پر صاف طور پر شری نریندر مودی کے وزیر اعظم بننے کی پیشنگوئی جو صحیح ثابت ہوئی۔ آئندہ لوک سبھا اور ودھان سبھا انتخابات میں کانگریس اور بھاجپا کی کانٹے کی ٹکر میں بھاجپا کو زیادہ سیٹیں ملیں گی۔ گذشتہ سال ۲۰۱۵ء کی جنتری میں صفحہ ۳۲ کے کالم II پر "بادل پھٹنے، سیلاب اور قدرتی آفات سے جانی و مالی نقصان کا اندیشہ ہے" اور صفحہ ۳۵ کے کالم II پر "گوچر گرہ اور بھارت میں آسام وغیرہ پوربی علاقوں میں اور جموں کشمیر کے پچھمی حصوں میں تشدد، آگ زنی، دنگا فساد کی وارداتیں ہونگی"۔ "ملک میں سیاسی لیڈروں میں آپسی مخالفت اور الزام بازی ہوگی"۔ یہ پیشن گوئیاں ہو بہو صحیح ثابت ہوئی ہیں۔ یہ ہماری جنتری کی مقبولیت کو صاف ظاہر کرتی ہیں۔

۲۰۱۶ء کی جنتری کے صفحہ ۲۷ کے کالم I پر "چین و پاکستان رزیلی پالیسیوں کا استعمال کرتے ہوئے بھارت کے ساتھ غیر بھروسہ مند اور دشمنی کا ماحول رہیگا" جیسا کہ چین نے جی ایس ٹی کے مدعہ پر بھارت کے خلاف پاک کا ساتھ دیا۔ اسی صفحہ کے کالم II پر بنگال، آسام، کیرل وغیرہ کے صوبوں کے ودھان سبھا انتخاب میں بھاجپا کی مقبولیت میں خصوصی اضافہ ہوگا۔

گزشتہ سال ۲۰۱۷ء کی جنتری کے صفحہ ۳ کالم (۲) پر "وزیر اعظم کے ذریعہ کی گئی ہر اپیل کو عام جنتا بڑا جوش و خلوص دکھائے گی۔ عام لوگوں میں مودی جی میں بھروسہ قائم رہیگا۔ اسی صفحہ پر "آئندہ سال کے ودھان سبھا چناؤ میں حالانکہ اتراکھنڈ، اتر پردیش اور منی پور میں بھاجپا کی مقبولیت میں اضافہ ہوگا۔ لیکن پنجاب، گوا میں بھاجپا کو نقصان ہوسکتا ہے۔"

گزشتہ سال ۲۰۱۸ء کی جنتری کے صفحہ ۳۷ کے کالم (I) پر "ہماچل پردیش میں بھاجپا کے ہی طاقتور ہونے کے یوگ بنیں گے۔" صفحہ ۳۶ کے کالم II پر "آئندہ ودھان سبھا چناؤ میں کرناٹک، ہماچل، گجرات صوبوں میں مخالف دلوں کے مقابلے مضبوط ہوگی۔ کچھ صوبوں (راجستھان، گجرات، اڑیسہ، تریپورا) میں امید کے مطابق کامیابی مشکوک رہے گی۔" صفحہ ۲۸ کے کالم II پر "۲ مئی سے ۵ نومبر تک منگل۔ کیتو یوگ کسی اہم لیڈر کی زندگی کے لئے نقصاندہ ہوگا۔" گذشتہ وزیر اعظم شری اٹل بہاری واجپئی اور دیگر لیڈر (شری کرونا ندھی) کی وفات اس طرف اشارہ ہی تھا۔ یہ ہماری جنتری کی مقبولیت کو صاف ظاہر کرتی ہیں۔

۲۰۱۹ء میں گرہوں کی آکاشی کونسل اور بھوکھے پھل

سال ۲۰۱۹ء میں گرہوں کی آکاشی کونسل کے دس عہدیداروں میں سے آٹھ (۸) اہم عہدہ ناتھ (فعسیل) گرہوں کو اور صرف دو عہدہ شبھ (نیک) گرہوں کو حاصل ہوئے ہیں۔ بادشاہ، بارش (بادل)، پھلوں اور فوج جیسے اہم عہدہ 'شنی' کو حاصل ہوئے ہیں اور اناج (فصل) دھاتو، دھن کے عہدہ فعسیل گرہ 'منگل' کو ملے ہیں۔ وزیر کا اہم عہدہ غعسیل گرہ سورج کو ہی حاصل ہوا ہے۔

آکاشی کونسل میں غعسیل گرہوں کی اکثریت ہونے سے آئندہ سال دنیا میں خاصل کر بھارت، پاکستان اور ایشیائی ملکوں کا سیاسی اور سماجی ماحول کشمکش اور تناؤ اور بداعتمادی رہیگا۔

بادشاہ اور وزیر کا عہدہ۔ دونوں مخالف گرہ یعنی شنی۔ سورج کو حاصل ہونے اور بارش، پھلوں اور فوج کے حقوق شنی کے پاس ہونے سے سیاسی اور اقتصادی اداروں میں غیر مستحکم ماحول رہیگا۔ سماج میں غم وغصہ کی وجہ سے تشدد کی واردات، فرقہ وارانہ فسادات زیادہ ہونگے۔ اپوزیشن پارٹی کے حکومت حاصل کرنے کے لئے بنائے گئے مہا گٹھ بندھن ناکامیاب ثابت ہوگا۔ ہاں حکمران بھاجپا اور NDA گٹھ بندھن کو اکثریت حاصل کرنا بھی مشکل ہوگا۔

پھلوں، دھاتوں اور دھن کا مالک غعسیل گرہ منگل ہونے سے اقتصادی حلقوں میں خاص اٹھا پٹک رہیگی۔ بادشاہ ہونے کے ساتھ ساتھ 'شنی' بارش، پھلوں اور فوج کا بھی مالک ہونے سے کم بیش اور غیر معقول بارش ہونے سے کہیں زیادہ بارش سے سیلاب کا خطرہ اور کہیں کم بارش سے کھیتی، فصلوں کو نقصان ہو۔ حکومت کی سخت پالیسیوں کی وجہ سے عوام میں خوف اور غم وغصہ کا عالم ہوگا۔ 'پری دھاوی' نامی سمت کے زیر اثر مختلف ممالک کے درمیان جنگ جیسے ماحول رہیں گے۔ بھارت میں مختلف پارٹیوں کے درمیان الزام بازی کا دور رہیگا۔

داخلہ نیا سال اور جگت لگن کنڈلی اور انکے متعلق پیشگوئیاں بابت ۲۰۱۹ء

'پری دھاوی' نامی نئے سمت ۲۰۷۶ء کا داخلہ چیت اماوس کا خاتمہ ۵/اپریل ۲۰۱۹ء کی دوپہر ۱۴ گھنٹہ۔ ۲۱ منٹ پر ربوتی نچھتر میں کرک

نیا سال داخلہ کنڈلی
۵/اپریل ۲۰۱۹ء ۱۴ گھنٹہ، ۲۱ منٹ



جگت لگن کنڈلی
۱۴/اپریل ۲۰۱۹ء ۱۴ گھنٹہ، ۸ منٹ

لگن میں ہوا ہے۔ سال لگن کا مالک چندر (قسمت کا مالک) نویں خانہ (ترقی اور بوجنا کا مالک) میں سورج کے ساتھ موجود ہے اور بادشاہ شنی کی ان پر پیشہ ور دشمن نظر پڑ رہی ہے۔ شنی جو کہ بین الاقوامی تعلقات کا مالک بھی ہے اس پر منگل کی دشمن نظر بھی رہے گی۔ سبھی گرہوں راہو کیتو درمیان ہونے سے 'کال سرپ یوگ' بھی بنا ہوا ہے۔ جس کے زیر اثر بین الاقوامی اور بھارت کے گھریلو حالات بہت کشمکش اور تناؤ والے رہیں گے۔ سماجی، سیاسی اور اقتصادی حالات خراب رہیں گے۔ بھارت میں اگر عام لوک سبھا چناؤ ممکن ہے اسی 'کال سرپ یوگ' کے دوران واقع ہونگے۔ ان چناؤں میں کسی ایک پارٹی کو اکثریت حاصل نہیں ہونے کی وجہ سے اٹھا پٹک اور تنازعہ پیدا ہونگے۔ NDA اور اپوزیشن مہا گٹھ بندھن میں نئی پارٹیوں کے درمیان نئے نئے فورمولا بنیں گے۔ چناؤں کے نتیجے کے ساتھ ہی پرگرم ماحول رہیگا۔ جو ذکر کہ NDA گٹھ بندھن کئی علاقائی پارٹیوں کے ساتھ سرکار بنانے میں کامیاب ہونگے۔ کانگریس والی مہا گٹھ بندھن کو کم سیٹیں حاصل ہونگی۔ ۲۲/مارچ سے ۶/مئی تک منگل شنی کے بیچ ہڈاشٹک یوگ، اسکے بعد ۷ مئی سے ۲۱ جون تک سم سپتک یوگ ہونے سے اس عرصہ میں بھارت کا سیاسی ماحول الزام بازی کا بھرا رہیگا۔

جگت لگن اور دنیا کے واقعیات

جگت لگن کنڈلی میں بھی داخلہ سال کی طرح کرک لگن طلوع ہوا ہے۔ لگن کا مالک چندر لگن خانہ میں خوگر ہی ہے۔ ہشتم خانہ (بین الاقوامی تعلقات کا خانہ) میں سکر راشی طلوع ہے، جو کہ بھارت کی زیر

اثر راشی بھی ہے۔ عالمی سیاست میں اہم مرکز رہیگا۔ امریکہ وغیرہ ترقی یافتہ اور بھارت، انڈونیشیا، ایران جیسے ترقی پزیر ملکوں کے بیچ کچھ نئے سیاسی اتحاد بنیں گے۔ برکھ راشی ایران کی زیر اثر راشی ہے، جس پر منگل واقع برکشی کے ساتھ ۶۔۸ کا رشتہ بنا رہا ہے۔ گرہ یوگ کے مطابق ایران، یمن، ترکی وغیرہ مسلم اکثریت ممالک عالمی سیاست کا زیر غور مرکز بنا رہیگا۔ جگت لگن کنڈ میں متھن (امریکہ کی زیر اثر راشی) پر راہو کی حالات اور مے مئی سے ۲۱ جون تک اس راشی پر منگل راہو یوگ رہنے سے صدر ٹرمپ کی خود غرض ڈپلومیسی اور ایران، ترکی، یمن وغیرہ ملکوں پر روک کی وجہ سے عالمی سیاست میں سرد جنگ جیسے حالات رہیں گے۔ امریکہ کے ذریعہ لئے گئے کچھ یک طرفہ فیصلوں کے خلاف یوروپ اور کئی ایشیائی ملک نیا گروپ بنانے کا فیصلہ لیں گے۔ امریکہ کے اثر سے آزاد ہونے کی کوشش میں رہیں گے۔ جگت لگن کنڈلی میں داخلہ کے آس پاس ہی (اپریل ۲۰۱۹ء میں) بھارت میں سیاسی اتھل پتھل اور تبدیلی اپوزیشن اور پوری دنیا کے لئے ایک عجیب خبر نظارہ پیش ہوگا۔

سال ۲۰۱۹ء میں کرہ گوچر اور دنیا کے حالات

سال کے شروع میں ہی یکم جنوری ۲۰۱۹ء کو سورج سنیچر کے بیچ انش کلاتمک یوتی اور برچھک راشی میں برہسپت شکر کا یوگ بنا ہوا ہے۔ گذشتہ سال ۲۰۱۸ اور نئے سال ۲۰۱۹ میں بھی بادشاہ اور وزیر کا مہرہ (سورج شنی) پر دو مخالف اور دشمن گرہوں کا قبضہ اور سال شروع سے ہی (سورج۔شنی، برہسپت۔شکر) مخالف گرہوں کا سم چمک یوگ بنیا ہے کے اہم ملکوں (خاص کر ایشیا کے) جیسے ایران، قطر، پاکستان، یمن، عراق، افغانستان وغیرہ میں آگ زنی، بغاوت، سیاسی ٹکراؤ، دہشت گردی، دھما کہ اور فرقہ وارانہ فساد ہونگے۔

یکم جنوری ۲۰۱۹ء سے ۳۱ دسمبر ۲۰۱۹ء تک گرہ حالات کے مطابق آگ کی سال یورپی ملکوں کے لئے الجھن والے حالات ہولیکر آئیگا۔ سال بھر لگن پر شنی کی خاص نظر اور گیارہویں خانہ میں راہو کی حالت فکرمند اقتصادی حالات کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ لگن خانہ میں پر منگل اور شنی کی نظر کے زیر اثر گلوبل وارمنگ اور آب وہوا کے زور سے سرد یوروپ ملک بھی نہیں بچ پائیگا۔ تاریخ ۱۵ جون سے ۱۶ جولائی کے بیچ سورج سنیچر کے درمیان سم سپتک یوگ رہنے سے فرانس، بیلجیم، برطانیہ، جرمنی وغیرہ یورپی ملک میں دہشت گردانہ حملہ ہونے کے پورے امکان ہیں۔ گیارہویں راہو کے زیر اثر سے امریکہ کی دہنکاری پالیسی کا اثر یورپین یونین کی اقتصادی نظام پر بھی پڑیگا۔

یوروپ کے ملکوں کی کنڈلی
یکم جنوری ۲۰۱۹ء نصف شب



مسلم ملکوں کی کنڈلی
۱۱ ستمبر ۲۰۱۸ء سے ۳۱ اگست ۲۰۱۹ء تک

جبری سن ۱۴۴۰ کا بادشاہ 'بدھ' ہے۔ مسلم ملکوں کی نئے سال داخلہ کنڈلی میں کمبھ لگن طلوع ہوا ہے۔ لگن کا مالک شنی کی آمد یہ آمد کے خانہ میں ہونے اور کال سرپ یوگ کے زیر اثر کے تیل کی وجہ سے مسلم تیل والے ملکوں اور امریکہ وغیرہ ملکوں کے درمیان سرد جنگ کا ماحول رہیگا۔ جس کی وجہ سے کروڈ آئیل کے نرخوں میں خاص تیزی بن جائیگی۔ پاکستان وغیرہ ملکوں کی زیر اثر راشی کنیا پر شنی کی نظر رہنے سے مسلم ملکوں کے حکمرانوں میں بھی آپسی ٹکراؤ، مخالفت اور ہوڑ لگی ہوگی۔

گوچر وچار۔ پہلا ماہ (۲۳ دسمبر ۲۰۱۸ء سے ۲۱ جنوری ۲۰۱۹ء تک) میں پانچ اتوار پانچ سوموار ہونے، ۵ جنوری کو شنی واری اماوس، ۱۴ جنوری تک سورج شنی یوگ اور ۲۹ جنوری تک برہسپت شکر یوگ عالمی سیاسی اور اقتصادی حالات پے چیدہ اور الجھن والے رہیں گے۔ ایشیائی ملکوں میں بہت زیادہ مہنگائی، سوکھے اور قحط کا ڈر رہے۔ یمن، پاکستان میں دہشت گردی واردات، کسی ملک میں حکومت تبدیلی، اچانک دھماکہ ہونے کے یوگ ہیں۔

ماگھ ماہ (۲۲ جنوری سے ۱۹ فروری تک) میں پانچ منگلوار ہونے اور ۲۹ جنوری سے شکر۔ شنی یوگ رہنے سے اور ماگھ کرشن یکم کا چتھے ہونے سے کسی ملک اور دنیا کے خاص لیڈر کے ناقص وقت ہوگا۔ دنیا میں کہیں ہوائی حادثہ، دہشت گردی واردات اور جنگ جیسے حالات ہونگے۔

پھاگن ماہ (۲۰ فروری سے ۲۱ مارچ تک) میں پانچ بدھوار اور ویروار ہونے سے مغربی اور مسلم ملکوں جیسے عراق، سوڈان، اسرائیل،

فلسطین وغیرہ ملکوں میں سیاسی اور دہشت گرد ٹکراؤ اور جنگ جیسے حالات بنیں گے۔

چیت ماہ (۲۱ مارچ سے ۱۹ اپریل تک) میں پانچ شکروار ہونے، ۲۴ مارچ سے برہسپت شنی کیتو یوگ اور منگل برہسپت کے بیچ سم سپتک یوگ، ۲۹ مارچ سے برہسپت شنی کیتو یوگ اور منگل شکر اتی اتوار کو ہونے سے دنیا کے کچھ ملکوں میں ٹکراؤ، جنگ کا خوف، دنگے، فساد، اور دھما کہ خیز واردات ہونگے۔ مسلم ملکوں میں امریکہ کی طرف سے جنگ کا ماحول بنادیا جائیگا۔

بیساکھ ماہ (۲۰ اپریل سے ۱۸ مئی تک) میں پانچ سنیچر وار آنے، ۳۰ اپریل سے شنی وکری ہونے، ۴ مئی کو شنی واری اماوس آنے سے دنیا میں کہیں زلزلہ، حادثہ، آگ زنی، طوفان اور قدرتی آفات سے بھاری جانی و مالی نقصان کا خوف ہے۔ مسلم ملکوں (افغانستان، سیریا، ترکی، یمن) میں دہشت گردگنوں اور حکمرانوں کے بیچ جنگ جیسے لڑائی ہونگے۔ ہزاروں لوگوں کے جان کا نقصان ہوسکتا ہے۔

جیٹھ ماہ (۱۹ مئی سے ۱۷ جون تک) میں پانچ اتوار اور پانچ پانچ سوموار ہونے، ۷ مئی سے ۲۲ جون تک منگل راہو یوگ، ۱۵ جون کو شنی واری ہاڑ سنکرانتی ہونے سے دنیا کے کچھ ملکوں خاص کر افریقہ، ایشیا میں اناج کی کمی، زیادہ مہنگائی، سوکھے اور کہیں اکال کا ڈر رہیگا۔ کہیں حکمرانوں میں بدلاؤ، اچانک آتنکی حملے، مالی سنکٹ، آب وہوا میں تبدیلی کے حالات بنیں گے۔

ہاڑ ماہ (۱۸ جون سے ۱۶ جولائی تک) میں پانچ منگلوار واقع ہونے سے ۱۵ جون سے ۱۶ جولائی تک سورج شنی کے بیچ سم سپتک یوگ اور سورج راہو یوگ رہنے سے مغربی ایشیائی ملکوں میں جنگ کے بادل منڈرائیں گے۔ ترکی، افغانستان، ایران، سیریا، یمن میں امریکہ روس وغیرہ ملک اپنا اقتدار قائم کرنے کے لئے ان ملکوں کو بڑے جنگ کے آگ میں جھونک دیں گے۔

ساون ماہ (۱۷ جولائی سے ۱۵ راگست تک) پانچ بدھوار اور پانچ ویروار کا ہونا، ۲۳ جولائی سے ۲۹ جولائی تک، پھر ۳ راگست سورج، منگل، بدھ، شکر گرہوں کا چتر گرہی یوگ ہونے سے امریکہ، انگلینڈ اور یوروپ کے کسی ملک میں کہیں زیادہ بارش سے سیلاب سے جانی ومالی نقصان ہوگا۔

بھادوں ماہ ((۱۶ راگست سے ۱۴ ستمبر تک) میں پانچ شکروار اور پانچ سنیچر وار ہونے سے ملا جلا اثر رہیگا۔ آبادی میں اضافہ اور دنیا میں مال ودولت کا اضافہ ہوگا۔ پانچ سنیچر وار ہونے سے شیعہ سنی کرد یہودی وغیرہ فرقوں میں تشدد اور میزائل کے حملے بڑھیں گے۔ ضروری اشیاء اناج پٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں عالمی سطح پر تیزی ہوگی۔

اسوج ماہ (۱۵ ستمبر سے ۱۳ راکتوبر تک) میں پانچ اتوار ہونے، سورج۔ منگل کا شنی کے ساتھ ۴-۱۰ نظر رشتہ ۲۵ ستمبر سے ۲۹ ستمبر۔ سورج، منگ، بدھ، شکر کا چتر گرہی یوگ ۲۸ ستمبر کو شنی واری اماوس ہونے سے پاکستان، افغانستان، سیریا، عراق، وغیرہ مسلم ملکوں کے اندرونی، سماجی اور سیاسی حالات ڈانواڈول اور کشمکش والے ہونگے۔

کارتک ماہ (۱۴ راکتوبر سے ۱۲ نومبر تک) پانچ منگلواروں کا ہونا، منگل شنی کے بیچ نظر تعلقات (۴-۱۰) دھما کہ خیز حالات پیدا کریں گے۔ مخالف ملکوں کے بیچ جنگ اور گوریلا جنگ کی وجہ سے خون خرابا اور جان ومال کا نقصان ہونے کا ڈر ہے۔

مگھر ماہ (۱۳ نومبر سے ۱۲ دسمبر ۲۰۱۹ تک) میں پانچ میں پانچ بدھوار اور پانچ ویروار ہونے سے دنیا میں امریکہ، چاپان، انڈونیشیا جیسے ملکوں مین طوفان، آندھیاں، سنامی، ٹرنڈو وغیرہ قدرتی آفات زیادہ ہونگے۔ تاریخ ۱۶ نومبر کو شنی واری مگھر سنکرانتی اور ۲۱ نومبر سے ۱۵ دسمبر تک چتر گرہی یوگ بننے سے افغانستان، عراق، سیریا، پاکستان، سوڈان وغیرہ مسلم ملکوں میں دہشت گردی واردات ہونگے۔ اس عرصہ میں اسرائیل فلسطین، بھارت پاکستان، امریکہ ایران، امریکہ روس وغیرہ ملکوں میں آپسی ٹکراؤ ہونے کے یوگ ہیں۔

دنیا کے کچھ مشہور ممالک

امریکہ (America)۔ اسکی زیر اثر راشی متھن ہے۔ جگت لگن میں متھن راشی بارہویں خانہ (خرچ، پوشیدہ دشمن، جنگ کا خانہ) میں واقع ہے۔ متھن راشی پر ۷ مارچ ۲۰۱۹ء سے سال کے آخر تک راہو کی گردش امریکہ کے لئے الجھن اور پیچیدہ حالات پیدا کریگا۔ شنی کی نظر بھی اس راشی پر سال بھر رہیگی۔ امریکہ اور ٹرمپ حکومت اپنی پالیسیوں کے زریعہ تیل والے اور ترقی پزیر (بھارت، پاک، انڈونیشیا وغیرہ) ملکوں پر اپنا تسلط قائم کرنے کی کوشش کریں گے۔ امریکہ کی طرف سے ایران، ترکی، اتری کوریا وغیرہ ملکوں پر روک لگا کر بھارت اور کئی ملکوں کی تیل پر آمدگی پالیسی کو متاثر کریگا۔ ایران، اتری کوریا، روس، چین وغیرہ ملکوں کے ساتھ جنگ جیسے ماحول

بنیں گے۔ ان ملکوں پر اقتصادی بین لگا کر ایک طرح سے نکلو جیکل جنگ لڑیگا۔ قطر، یمن جیسے ملکوں پر فوجی کاروائی کر کے باقی دنیا کو خوفزدہ کرنے کی کوشش کریگا۔

پاکستان (Pakistan)۔ جگت لگن میں اسکی زیر اثر راشی کنیا تیسرے (پڑوسی ملک کے ساتھ تعلقات خانہ) خانہ میں واقع ہے۔ اس پر شنی کی خاص دسویں نظر پڑ رہی ہے۔ اور راشی کا مالک بدھ نویں خانہ میں نیچ راشی میں ہے۔ گرہ یوگ کے مطابق پاکستان کی نئی عمران خان کی سرکار کو بڑے چنوتیوں کا سامنا رہیگا۔ پاکستان کی نئے بنی سرکار فوج کے دباؤ اور سائے میں حکومت کرنے کو مجبور ہوگی۔ عمران خان سرکار الگ الگ قسم کے جہادیوں پر روک لگانے کا کام چاہ کر بھی نہیں کر پائے گی۔ سرکار کا زیادہ تر وقت اور طاقت مالی اور آپسی مسائل کے ساتھ جوجھتے ہوئے گذریگا۔ فوجی طاقتوں (I.S.I) کے اشاروں پر چلنے، دہشت گرد تنظیموں کی پرورش کرنے کے خلاف میں تاناشاہی رویے کی وجہ سے اپنے ملک کے اندر ہی زبردست مخالفت کا بادل منڈرانے لگیں گے۔ نظام بدلنے کے بعد بھی پاکستان کی نیت میں کوئی بدلاؤ نہیں آئیگا۔ اور کشمیر وغیرہ سرحدی علاقوں سے دہشت گرد تنظیموں کو خطرناک ہتھیار کی امداد کرتا رہیگا۔ بھارت کے ساتھ امنی مذاکرات کا سلسلہ کچھ رکاوٹ کے بعد پھر سے چلے گا۔

۲۰۱۹ء میں گوچر گرہوں کے مطابق بھارت میں رونما ہونے والی اہم پیشگوئیاں

کنڈلی آزاد ہند
۱۴/۱۵ اگست ۱۹۴۷ء



کنڈلی یوم جمہوریہ
۲۶/جنوری ۱۹۵۰ء



کنڈلی آزاد ہند (۷۲واں)
۱۴/۱۵ اگست ۲۰۱۸ء (دلی)



کنڈلی آزاد ہند (۷۳واں)
۱۵/اگست ۲۰۱۹ء (دلی)



آزاد بھارت کے ۷۲ ویں سال کی کنڈلی میں (۱۵/اگست ۲۰۱۸ء) میں کرک لگن طلوع ہوا ہے۔ برس لگن کا مالک چندر تیسرے خانہ (پڑوسی ملکوں کے ساتھ تعلقات کا خانہ) میں دوست راشی میں مگر دشمن گرہ شکر کے ساتھ گردش کر رہا ہے۔ منتھا دسویں خانہ میں سنگھ راشی میں ہے۔ منتھا پر سورج، بدھ، راہو منگل وغیرہ گرہوں کی پوشیدہ نظر پڑ رہی ہے۔ برہسپت کی سیدھا دشمنی نظر پڑ رہی ہے۔ منتھا کا مالک منگل ساتویں (ودیشی تعلقات، مہلا وکاس یوجنا کا خانہ) خانہ میں اوچ راشی میں مگر کیتو کے ساتھ ہے۔ ان سب کے زیر اثر پچھلے سال میں شروع کی گئی یوجنائیں اپوزیشن کے مخالفت اور کئی وجوہات سے اپنے انجام تک نہیں پہنچ کر بیچ میں لٹک جائے گی۔ برس کنڈلی میں چندرماں دشمن گرہ کے ساتھ ہونے اور کنیا راشی پر شنی کی ڈھیہ کا اثر اور بھارت کی زیر اثر راشی مکر پر منگل کیتو یوگ ہونے سے اتراکھنڈ، ہماچل، اتر پردیش اور آسم وغیرہ پوربی علاقوں میں اچانک بارش، بادل پھٹنے، سیلاب وغیرہ قدرتی آفات سے جان و مال اور کھیتی کو نقصان ہونے کا یوگ ہیں۔

تاریخ ۱۱/اکتوبر ۲۰۱۸ء سے برہسپت راشی میں برہسپت کی لگن خانہ پر اوچ نظر کے زیر اثر پچھلے سالوں سے بھاجپا سرکار کے چلائے وکاس یوجناؤں کے کاموں میں تیزی لا کر انہیں چناؤ سے پہلے پورا کرا اور کچھ ہر دل عزیز یوجنا لا کر لوگوں کے من پیدا نارا ضگی دور کی جائیگی۔ تیسرے اور ساتویں خانہ میں غیر معقول حالات ہونے سے صاف اشارے مل رہیں ہیں کہ بھارتی سرحدوں پر دونوں اہم پڑوسی ملک چین اور پاکستان اپنی گندی چال سے بھارت کی عزت وقار کو نقصان پہنچانے کی کوشش میں رہیں گے۔ بھارت سرکار کو خاص ہوشیار

کنڈلی یوم جمہوریہ (۷۰واں)
۲۶/جنوری ۲۰۱۹ء (دلی)



رہنے کی ضرورت ہے۔

۶ نومبر سے ۲۳ دسمبر ۲۰۱۸ء تک کے عرصہ میں مرکزی بھاجپا سرکار کے لئے چنوتی سے بھرا مشکل وقت ہوگا۔ کچھ صوبوں میں امید کے برعکس نمائندگی ملنے سے بی جے پی میں ناامیدی کا اضافہ ہوگا۔ اندرونی تنازعہ اور جوش میں کمی کی وجہ سے آئندہ دو دھان سبھا (راجستھان، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ وغیرہ) چناؤں میں بھاجپا امید کے مطابق سیٹیں حاصل کرنے میں ناکامیاب رہے گی۔

جمہوریہ ہند کی قائم کے ۷۰ ویں سال کی برس کنڈلی میں برشچک لگن طلوع ہوا ہے اور برس لگن کے مالک منگل پانچویں (ترقی یوجنا، کاروبار خانہ) خانہ میں دوست راشی میں اور برہسپت شہم خود گرہی نظر بھی ہے۔ جس سے آگے سیاسی اتھل پتھل کے باوجود بھارت چیس سائنس، اسٹیل، کپڑا کاروبار میں اہم ترقی کریگا۔ منسہ کے شیت ستر یا بجٹ ستر میں بھاجپا سرکار کی طرف سے سماجی انصاف اور عوام کے لئے فائدہ مند قانون لانے پر اپوزیشن کے پاس تائید کرنے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں رہیگا۔

۲۹ جنوری ۲۰۱۹ء سے شکر دشمن راشی (دشمن) ہو کر شنی کے ساتھ یوگ کریگا اور منگل۔ برہسپت کے بیچ ششڈاشٹک رشتہ قائم رہنے سے نیتاؤں کے ملک کے خلاف بیان بازی سے لوگ پریشان ہونگے۔ چناؤ کا اعلان ہوتے ہی کئی پارٹیاں بانٹنے کی سیاست کرینگی۔ بنگلہ دیش دراندازی کی پہچان اور واپس بھیجنے، بدامنی، وکاس یوجنا کی بات پیچھے رہے گی، جبکہ ووٹ بینک کو ترجیح دیںگے۔ تاریخ ۷ مارچ ۲۰۱۹ء تک کیتو کا بھارت کی زیر اثر راشی مکر پر موجود ہی بھارتی جمہوریت اور مرکزی سرکار کے لئے بہت چنوتیوں سے بھرا وقت ہوگا۔ بھارت کی مغربی اور مشرقی سرحدوں پر پاکستانی اور چینی فوجیں کی دراندازی بھارت کے عزت وقار کے لئے بڑی چنوتی ہوگی۔

روزانہ استعمال کی چیزوں کی قیمتوں میں زبردست تیزی ہو جانے سے عام لوگوں کی زندگی مشکلات سے بھری ہو جائے گی۔ ہر طرح کے اناج، چاول، پیٹرول، ڈیزل، رسوئی گیس، بجلی، دودھ، پھل وغیرہ کے نرخ عام لوگوں کی پہنچ سے دور ہوتے جائیں گے۔ پاکستانی فوج دہشت گردوں سے ملکر بھارتی سرحدوں پر فوجیوں کو نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ ان سب وجوہات سے لوگوں میں سرکار پر اعتماد گھٹے گا۔

آزاد بھارت کی ۷۳ ویں برس کنڈلی میں (۱۵ اگست ۲۰۱۹ء) میں تلا لگن طلوع ہوا ہے۔ برس لگن کا مالک اور منتھا کا مالک شکر دشم خانہ (حکومت، وزیر اعظم، سنسد خانہ) میں دشمن راشی ہو کر سورج اور بدھ کے ساتھ واقع ہے۔ منتھا بھی اشٹم خانہ میں غیر معقول حالات کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ نئے بنے سرکار کو خاص پیچیدہ مسائل کا سامنا کرنا پڑیگا۔ بھارت سرکار کے لئے چنوتیوں سے بھرا اور سخت امتحان ہوگا۔ سیاست میں لیڈروں کے آپسی بیان بازی اور ملک کے خلاف بیان بازی بڑھیں گے۔ بھارت کی زیر اثر راشی تکر پر پنداور اس پر سورج، بدھ، شکر کی نیک و ناقص نظریں رہنے سے آگامی سال بھی اہم لیڈر کے لئے کشمکش اور مجبوری والے حالات رہیں گے۔ کئی رکاوٹ اور مسائل کے باوجود نئے سرکار کے طرف سے کئی ترقی والے یوجنا کا اعلان ہوگا۔

۲۰۱۹ء میں گوچر گرہ اور بھارت

سال کا آغاز پوہ ماہ (۲۳ دسمبر ۲۰۱۸ سے ۲۱ جنوری ۲۰۱۹ء تک) میں پانچ اتوار، پانچ سوموار ہونے، تاریخ ۱/۲ جنوری کو سورج شنی ملن، برشچک راشی میں برہسپت۔ شکر یوگ مرکزی حکومت کے سامنے مشکل چنوتی پیش کریں گے۔ قومی اور بین الاقوامی سطح پر خاص سیاسی حادثہ اور فرقہ وارانہ فساد، دھماکہ خیز حالات بنیں گے۔ ملک کے کچھ صوبوں جیسے ایودھیا (یوپی)، مدھیہ پردیش، اسم، اڑیسہ، پچھم بنگال وغیرہ پوربی صوبوں میں تشدد اور دھماکہ خیز واردات ہونگے۔ کہیں آگزنی یا قدرتی آفات ہونے کا خوف ہے۔ (رام مندر تعمیر کے معاملے حکومت اور اپوزیشن کے بیچ ٹکراؤ کا مرکز رہیگا)

ماگھ ماہ (۲۲ جنوری سے ۱۹ فروری ۲۰۱۹ء) میں پانچ منگلوار ہونے، ۲۹ جنوری سے شکر کا دشمن (دشمن) راشی میں آگرشی کے ساتھ یوگ کرنے سے ملک کے کسی اہم لیڈر کے لئے نقصاندہ اور ناقص وقت ہوگا۔ ملک میں چناوی ماحول میں آگزنی، تشدد اور دھماکہ خیز واردات زیادہ ہونگی۔ مرکزی وزیر کابینہ یا کسی صوبہ میں حکومت میں تبدیلی کے اشارے ہیں۔

پھاگن ماہ (۲۰ فروری سے ۲۱ مارچ تک) میں پانچ بدھ اور پانچ ویرواز ہونے، ۷ مارچ سے راہو مقعس اور کیتو دھمس میں گردش کرنے سے ملک کی سیاسی اور سماجی ماحول بہت خراب، بدامن اور پیچیدہ بن جائیگا۔ حکومت اور اپوزیشن پارٹیوں کے بیچ الزام بازی لگیں گے۔

چیت ماہ (۲۲ مارچ سے ۱۹ اپریل تک) میں پانچ شکروار ہونے سے ۲۲ مارچ سے منگل برہسپت کے بیچ سم سپتک یوگ ہونے سے ملک کا سیاسی ماحول بہت کشمکش والا ہوگا۔ اس وقت ملک بھر میں لوک

سبھا چناؤں کے میدان میں الزام بازی سے ماحول زہریلا اور دھماکہ خیز ہوگا۔ ملک کے کچھ حصوں میں آگزنی، دھماکہ، دنگا بھی ہونگے۔

بیساکھ ماہ (۲۰/اپریل سے ۱۸/مئی تک) میں پانچ سنیچروار ہونے، ۳۰ اپریل کوشنی وکری، ۴ مئی کوشنی واری اماوس آنے سے لوک سبھا چناؤں کے نتیجوں سے پہلے تک حکمران اور اپوزیشن کے نیتاؤں کے بیچ ٹکراؤ اور کھینچ تان بڑھیگا۔ حکمران NDA کی مختلف پارٹیوں میں آپسی سوجھ بوجھ کی کمی اور تناؤ رہیگا۔ ملک کے کچھ حصوں میں خانہ جنگی جیسے حالات بنیں گے۔

فرقہ ورانہ فساد اور زات پات کے دنگے بڑھیں گے۔ کہیں حکمران میں تبدیلی اور کہیں سیاسی اٹھاپٹک کا ماحول بنیگا۔ نئے نئے سیاسی گٹھ بندن اور گٹھ جوڑ بننے کے باجود کشمکش کا ماحول رہیگا۔

جیٹھ ماہ (۱۹/مئی سے ۱۷ جون تک) میں پانچ اتوار اور پانچ سوموار ہونے، ۷ مئی ۲۲ جون تک منگل راہو یوگ بننے سے لیڈروں کے بیچ آپسی ٹکراؤ، مخالفت، عزت وقار کی جنگ ہوگی۔ لوک سبھا چناؤ کے بعد نئے گٹھ بندھن بنے۔ مرکزی وزارت کابینہ کے لئے ناقص وقت ہوگا۔ یعنی مرکزی وزارت کابینہ کا نیا شکل وصورت دیکھنے کو ملیگا۔

ہاڑ ماہ (۱۸ جون سے ۱۶ جولائی تک) میں پانچ منگلوار، سورج، راہو یوگ ہونے سے کسی اعلیٰ نیتا کے معزول اور اچانک موت ہونے کے اشارے ہیں۔ ملک کے کسی حصہ میں حکومت میں تبدیلی، آگزنی، دنگا، فساد، تناؤ اور تشدد کی وارداتیں ہونے کے یوگ ہیں۔ سرکار کوئی بڑا فیصلہ لے سکتی ہے۔

ساون ماہ (۱۷ جولائی سے ۱۵/اگست تک) میں پانچ بدھ اور پانچ ویروار ہونے، ۲۳ جولائی سے ۲۹ جولائی، پھر ۳/اگست سے ۷/اگست تک سورج، بدھ، شکر وغیرہ گرہوں کا چتر گرہی یوگ ملک کے کچھ صوبوں میں قدرتی آفات سے سرکار کو لیکر عوام میں غم وغصہ کا عالم ہوگا۔

بھادوں ماہ (۱۶/اگست سے ۱۴/ستمبر تک) میں پانچ شکر اور پانچ سنیچروار، چتر گرہی یوگ ہونے سے ملا جلا اثر ہونگے۔ آبادی میں اضافہ، ودیشی نویش، شیئر بازار میں تیزی اور دھن کے پرچار پرسار میں اضافہ ہوگا۔ مدرا سفیتی کا پرسار بڑھے گا۔ ضروری اشیاء کی چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔ پورب اتر جانب میں کہیں چھتر بھنگ، آگزنی کا خوف ہوگا۔

اسوج ماہ (۱۵ ستمبر سے ۱۳/اکتوبر تک) میں پانچ اتوار ہونے، سورج منگل کا شنی کے ساتھ ۴-۱۰ نظر رشتہ، ۲۵ سے ۲۹ ستمبر، چتر گرہی یوگ ہونے سے کہیں چھتر بھنگ، سیاسی اتھل پتھل اور سیاسی مسائل پیدا ہونے کا خوف ہے۔ ۲۸/ستمبر کوشنی واری اماوس کی وجہ سے پیٹرول وغیرہ کچھ چیزوں میں بہت زیادہ تیزی۔ سیاسی اور سماجی حلقوں میں بہت خود غرضی کی وجہ سے دنگا فساد، کٹر واد کا پھیلاؤ ہوگا۔

کارتک ماہ (۱۴/اکتوبر سے ۱۲/نومبر تک) میں پانچ منگلوار، منگل، شنی کے بیچ نظر تعلق (۴-۱۰) ہونے سے کہیں چھتر بھنگ، معزولی، اور کسی بڑے لیڈر کی موت ہوسکتی ہے۔ سرکار اور اپوزیشن کے بیچ الزام بازی کا دوڑ بلندی پر ہوگا۔

مگھر ماہ (۱۳ نومبر سے ۱۲/دسمبر تک) میں پانچ بدھوار اور پانچ ویروار ہونے ۲۱ نومبر سے ۱۵ دسمبر ۲۰۱۹ء تک چتر گرہی یو بننے سے کچھ صوبوں میں معقول بارشی کی کمی رہے۔ ملک حکمران کو اندرونی اور باہری دشمنوں سے ڈر رہیگا۔

وزیر اعظم نریندر مودی اور بھاجپا حکومت

آئندہ سال میں جناب نریندر موجی کی جنم راشی اور جنم لگن پر شنی ساڑھ ستی کا ناقص اثر رہیگا۔ چندرماں جنم کنڈلی میں نیچ مگر مرکز خانہ ہوکر یوگ کارک ہے۔ منگل لگن کا مالک ہوکر لگن خانہ میں ہی خود کی راشی میں ہے اور قسمت کا مالک چندر کے ساتھ ہوکر لگن خانہ میں ہونے سے مہاپرش یوگوں میں سے روچک نامی شبھ یوگ بنتا ہے۔ برشچک لگن میں قسمت کا مالک چندرماں کی مہادشا/انتر دشا خاص طور سے شبھ اور قسمت والا ہے۔ برہسپت، شکر شنی گرہ مرکز میں ہے۔

۶/اکتوبر ۲۰۱۷ء سے ۶ مارچ ۲۰۱۹ء تک مودی جی پر چندرماں کی مہادشا میں بدھ کی انتر دشا چل رہی ہے۔ شنی مرکز میں مگر دشمن راشی میں بھی ہے اور

جنم کنڈلی شری نریندر مودی
۱۷/ستمبر ۱۹۵۰ء اتوار



کنڈلی بھارتیہ جنتا پارٹی
06.04.1980



ساڑھ ستی اثر بھی ہے۔ اسلئے جدوجہد، پریشانیاں، الجھنوں کے باجود ودھان سبھا (راجستھان، مدھیہ پردیش، ۳۶ گڑھ) چناؤ میں معمولی کامیابی ہی

ملے گی۔ ۲۲ اپریل ۲۰۱۹ء سے برہسپت گوچر میں برہسپت راشی میں آکر قسمت خانہ کو اوچ نظر سے دیکھے گا۔ اس گرہ یوگ کے اثر سے شری مودی جی کو پھر اعلیٰ عہدہ (وزیراعظم) حاصل ہوسکتا ہے۔ شری مودی جی کی شاکھا کیتو سال بھی مضبوط رہے گی۔ گوچر میں برہسپت لگن میں ہوکر گردش کرنے سے مودی جی کی عالمی مقبولیت قائم رہے گی۔

لوک سبھا انتخاب ۲۰۱۹ء

آئندہ نومبر دسمبر میں چار صوبوں میں ودھان سبھا چناؤ اور ۲۰۱۹ء میں لوک سبھا چناؤ کے نتیجے تعجب خیز اور امید برعکس ہونگے۔ بھاری الٹ پھیر بھرے نتائج سامنے آئینگے۔ بھاجپا اور کسی پارٹی کا اکثریت حاصل کرنا مشکوک رہے گا۔ کچھ صوبوں (یوپی، بہار) میں بھاجپا اور گٹھ بندھن کی پارٹیوں میں کانٹے کی ٹکر ہوگی۔ مگر بھاجپا گٹھ بندھن کو امید کے برعکس زیادہ سیٹیں ملے گی۔ اپنے غلط پالیسیوں اور اندرونی جھگڑے کی وجہ سے بھاجپا کو کئی صوبوں میں ہار کا سامنا کرنا پڑیگا۔ جبکہ بنگال، آسام، کرناٹک، گجرات، پوربلی صوبوں میں بھاجپا کو ووٹ فیصدی میں اضافہ ہوگا۔ مرکز میں ایک مخلوط بندھن سرکار وجود میں آنے کے یوگ بنیں گے۔ چاہے وہ بھاجپا اور اسکی ساتھی پارٹیوں (NDA) کی ہو یا کئی دلوں سے بنے مہاگٹھ بندھن یعنی کانگریس کی ہو۔

لیکن گرہ یوگ کے مطابق شری مودی جی کی پھر سے وزیراعظم بننے کی قوی امکان ہیں۔ بہت کچھ چناؤ کے بعد منحصر کریگا۔ مگر بننے والے سرکار کی شکل و صورت بھاجپا والی سرکار سے الگ ہوگی یعنی چناؤ کے بعد نئے گٹھ بندھن سرکار وجود میں آئیگا۔

کانگریس پارٹی اور PM کے دعویدار راہل گاندھی

کانگریس کی جنم کنڈلی میں برکھ لگن طلوع ہوا ہے۔ لگن کا مالک شکر تیسرے خانہ میں دشمن راشی ہوکر سورج منگل اور کیتو گرہوں کے بیچ پاپ کرتارت حالات میں ہے، جو کہ شخص کو ہمیشہ کسی نہ کسی پیچیدہ مسائل میں الجھائے رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔ دوسرے اور پانچویں خانہ کا مالک بدھ لگن خانہ میں بہتر حالت میں ہونے سے شخص اعلیٰ شخصیت، تیز دماغ، اور نئی نئی یوجنائیں بنانے میں ماہر ہوتا ہے۔ حال میں ۲۱-۳۰-۲۰۱۸ء سے ۹ اپریل ۲۰۱۹ء تک منگل کی مہادشا میں راہو کی انتر دشا رہے گی۔ اس دشا کال میں راہو گاندھی کو کچھ ہم خیال دلوں کیا مہاگٹھ بندھن میں طاقتور اور خود غرض لیڈروں کے ساتھ کام کرنے اور انکا دل جیتنے کے لئے خاص جدوجہد اور انجمنیں کا سامنا کرنا پڑیگا۔ ہر پارٹی کی طرف الگ الگ بیان اور آواز بدلنے سے مہاگٹھ بندھن بنانے کی جانب رکاوٹیں پیدا ہوگی۔ یہ چکھ صوبوں تک ہی وجود میں آئیگا۔ حالانکہ نومبر ۲۰۱۸ء میں ۶ سو گڑھ، مدھیہ پردیش، راجستھان میں کانگریس کی چناوی حصولیابی کو دیکھتے ہوئے کچھ ساتھی دل کانگریس پارٹی کے ساتھ آنے کو مجبور ہونگے۔ شری راہل گاندھی موجودہ وقت میں شنی ساڑھ ستی کے ناقص اثر سے گذر رہے ہیں، کیونکہ شنی اگلی جنم کنڈلی میں چنچل راشی اور نواش کنڈلی میں دشمن (برچھیک) راشی میں ہے۔ جس کے زیر اثر جیوش وجہات سے راہل گاندھی کا ابھی وزیر اعظم کے عہدہ پر فائز ہونا مشکوک لگتا ہے۔

کانگریس پارٹی کی کنڈلی میں شنی لگن خانہ میں ہوکر سال بھر گردش کریگا۔ مگر لگن کا مالک برہسپت بارہویں خانہ میں ہونے سے بہت کوشش کے باوجود حکومت کے دروازے سے تھک پہنچنا مشکل ہوگا۔ حالانکہ کانگریس اپنی صبر و تحمل کی بدولت کچھ صوبوں میں حکومت حاصل کرنے میں ضرور کامیاب ہوگی۔ مگر لوک سبھا کے چناوی جنگ کے میدان میں نہ صرف راہل گاندھی کی دانشمندی کی بلکہ کانگریس کی تنظیمی طاقت کی بھی ضرورت ہوگی۔ گرہ یوگ کے مطابق مہاگٹھ بندھن میں خودی کی خواہشات اور الگ الگ آواز ہونے سے سیاسی کی جوڑ زیادہ دیر تک کامیاب نہیں ہو پائے گا۔ اور بھاجپا گٹھ بندھن اور کئی دلوں کو توڑ جوڑ کر سکار بنا سکتی ہے۔

کنڈلی کانگریس پارٹی
۲۲-۱۱-۱۹۶۹ء (بنگلور)



کنڈلی راہل گاندھی
۱۹-۶-۱۹۷۰ء
5.05am



بھارت کے کچھ اہم صوبہ جات

ہماچل پردیش۔ اس کی زیر اثر راشی مین اور نام راشی کرک ہے۔ ۷۲ ویں آزاد بھارت کی کنڈلی میں اس کی نام راشی کرک لگن کا ہی طلوع ہونا اور اس پر سورج، بدھ، راہو گرہوں کا گردش اور منگل کی پنچ نظر ہے سے اس (۱۵ اگست ۲۰۱۸ء کے بعد) اور اگلے سال غیر معقول حالات کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔ راشی کا مالک برہسپت بھی دشمن راشی میں ہے۔ یوم جمہوریہ کنڈلی میں بھی اسکی نام راشی پر راہو کا گردش ہے۔ آگامی سال لوک سبھا چناؤں میں دونوں اہم پارٹیوں میں کانٹے کی ٹکر کے بعد بھاجپا کو تھوڑا ہی کامیابی کے یوگ ہیں۔ آنے والے وقت میں بھاجپا صوبائی سرکار کی کارگذاری اور مرکز اور صوبائی سرکار کی پالیسیوں، یوجناؤں اور پروگراموں کو زمینی سطح پر سرانجام دینے کی کوشش کرے گی۔ اپوزیشن

(کانگریس) بھاجپا کی مرکز اور صوبے میں بے روزگار جوانوں کو روزگار دینے پانے میں ناکام، قانون اور انتظامیہ کی بدتر حالات، نشیلی چیزوں کا چلن، بدحال ہوئی سڑکیں، مرکزی سرکارس اور ساتھ لگتے صوبوں سے پردیش کے حق حاصل کر پانے میں شری جے رام ٹھاکر کی ناکامیابی جیسے کئی مدعے اٹھائے جائیں گے۔ اس سارے منظر میں پردیش میں بڑی سیاسی گہما گہمی رہے گی۔

پچھلے سال اسی کالم میں صوبے کے ودھان سبھا چناؤ سے متعلق پیشن گوئی پوری طرح سچ ثابت ہوئی ہے۔ بھاجپا پارٹی کے ہی طاقتور بن کر کامیاب ہونے کے یوگ بنیں گے۔

پنجاب۔ اسکی نام راشی کنیا اور زیر اثر راشی مین ہے۔ ۲۷ویں یوم آزادی کنڈلی میں شکر نیچ خانہ میں اس راشی پرشنی کی خاص نظر بھی ہے۔ گوچر گرہ حالات کے مطابق موجودہ کانگریس سرکار کو خاص مالی مسائل اور چنوتیوں کا سامنا کرنا پڑیگا۔ لوک سبھا چناؤں سے پہلے حالانکہ کیپٹن امریندر سنگھ سرکار کئی نئے پروجیکٹ اور یوجناؤں کا اعلان کرے گی۔ لیکن صنعت کے معاملے میں مخالفت کا سامنا کرنا پڑیگا۔ صوبے کے وزارت کابینہ میں اندرونی مخالفت، ٹیکس، بجلی مسئلہ، منشیات، زراعتی قرض کی وجہ سے کسانوں کے خودکشی کی وجہ سے عوام میں تشویشناک رہے۔ آگامی لوک سبھا چناؤں میں اکالی دل سے کانٹے کی ٹکر کے بعد ملا جلا کامیابی حاصل ہوگا۔

جموں و کشمیر۔ زیر اثر راشی تلا اور نام راشی مکر ہے۔ نئے سال یوم آزادی کنڈلی میں تلا راشی پر برہسپت کا گردش اور مکر راشی پر منگل کیتو کا گردش کشمیر علاقے میں پیچیدہ حالات کے بیچ جموں کشمیر کی سیاسی اور کاروباری حالات بدتر اور بدامن رہیں گے۔ پاک پرشت دہشت گرد کے دراندازی اور تشدد کی وارداتوں میں اضافہ ہوگا۔ پاکستان کی نئے بنی سرکار کی طرف سے بار بار بین الاقوامی سطح پر کشمیر مدعا اٹھانے کی کوشش کرنا اور کشمیری نوجوانوں کو فوج اور پولیس پر پتھر پھینکنے کو مجبور کرنا سرکار کے لئے بڑی چنوتی ہوگی۔ لوک سبھا چناؤ میں شری فاروق عبداللہ کے نیشنل کانفرنس گٹھ بندھن کو امید کے مطابق کامیابی حاصل ہوگی۔ جموں کے حلقے میں بھاجپا اور کانگریس میں کانٹے کی ٹکر، جبکہ پی ڈی پی کا اثر کمزور ہوگا۔

دہلی۔ ۷۲ویں یوم آزادی کنڈلی میں دلی کی زیر اچر راشی مکر پر منگل کیتو کا گردش اور نئے یوم آزادی (۲۶۔۰۱۔۲۰۱۹ء) کنڈلی میں سورج۔ بدھ۔ کیتو کا گردش ہے۔ جس کے زیر اثر دلی سیاسی ہل چل کا مرکز بنا رہیگا۔ لوک سبھا چناؤں سے پہلے اور بعد میں بھی علاقائی پارٹیوں کے بھاجپا والی NDA اور کانگریس والی UPA گٹھ بندھن کے ساتھ نئے فورمولے کے ساتھ گٹھ جوڑ بنیں گے۔ دلی صوبے میں حکمران 'آپ' سرکار کو کافی مشکل مسائل کا سامنا کرنا پڑیگا۔ بڑھتی آبادی، بڑھتی ٹریفک آلودگی خطرناک شکل اختیار کر لے گی۔ دلی صوبے میں بھاجپا طاقتور پارٹی کی شکل میں ابھرے گی۔ کانگریس کا اثر بھی بڑھیگا۔ سیلنگ وغیرہ کے مسائل حل کرنے کے باوجود حکمران 'آپ' پارٹی کے لئے عزت وقار بنائے رکھنا مشکل ہوگا۔

ہریانہ۔ زیر اثر راشی مین اور نام راشی متھن ہے۔ ۷۲ویں یوم آزادی کنڈلی میں مین راشی قسمت خانہ میں آنے سے (۱۵/اگست ۲۰۱۸ء کے بعد) حکمران بھاجپا سرکار کے طرف سے لوک سبھا چناؤں سے پہلے عوام کو لبھانے کے لئے کئی بڑے یوجنا کا اعلان کیا جائے گا۔ مگر ۷/مارچ ۲۰۱۹ء سے ہریانہ کی نام راشی متھن پر راہو کا گردش اور یوم جمہوریہ کنڈلی میں متھن راشی آٹھویں خانہ ہونے سے آگامی لوک سبھا چناؤں میں بھاجپا سرکار کو ۲۰۱۴ء کی طرح بڑی کامیابی حاصل نہیں ہوگی۔ کانگریس اور انیلو کا قدر بڑھیگا۔ حکومتی وزارت کابینہ میں مل جل کر کام کرنے کی کمی رہے گی۔ سرکار کا عوام کے فلاح و بہبود کی طرف خاص دھیان دینا ہوگا۔ نہیں تو حالات خراب ہونگے۔

راجستھان۔ زیر اثر راشی کرک اور نام راشی تلا ہے۔ ۷۲ویں یوم آزادی ہند کی کنڈلی میں کرک راشی پر سورج، بدھ، راہو کا گردش اور منگل کی نیچ نظر کے زیر اثر موجودہ بھاجپا سرکاور کو مشکل اور غیر معقول حالات کا سامنا کرنا پڑیگا۔ آگامی ودھان سبھا چناؤ میں کانگریس کی طاقت بڑھے گی۔ حالانکہ بھاجپا اور کانگریش کانٹے کی ٹکر ہوگی۔ اندرونی خانہ جنگی کی وجہ سے بھاجپا امید کے مطابق سیٹیں حاصل نہیں کر پائے گی۔ حالانکہ لوک سبھا چناؤ میں بھاجپا کی حالت صوبے میں بہتر ہوگی۔

اتر پردیش۔ زیر اثر راشی دھن اور نام راشی برکھ ہے۔ ۷۰ویں یوم جمہوریہ کنڈلی میں دھن راشی پرشنی اور منتھا کے حالات اور منتھا کا مالک لگن خانہ میں دشمن گرہ شکر کے ساتھ ہے۔ گوچر گرہ کے مطابق آئندہ سال لوک سبھا چناؤں میں اتر پردیش میں مختلف دلوں کے چناوی گٹھ جوڑ ہونگے۔ سپا، بسپا، کانگریس اور علاقائی دلوں کے بیچ بنے مہا گٹھ بندھن کی وجہ سے بھاجپا کو کچھ نقصان ہوگا۔ امید کے مطابق سیٹیں نہیں ملے گی۔ کئی رکاوٹوں اور الزام کے باوجود بھاجپا یوگی سرکار کئی نئی یوجناؤں کا اعلان کریں گے۔

مندرجہ پیشن گوئیاں ملک اور جگہ کی جنم کنڈلیوں کے گرہوں حالات اور گوچر گرہوں کے زیر اثر ہونے والے اثرات کو درج کی گئی ہیں۔ حقیقت میں سب سے بڑے عالم الغیب تو خود بھگوان (خدا) ہی ہیں۔

خیر اندیش پنڈت وویک شرما جیوتشی ابن پنا لال جیوتشی مرحوم جالندھر

مورخہ ۱۸/اگست، ۲۰۱۸ء سنیچر وار

تجارتی جنسوں میں تیزی و مندی کی روزانہ تفصیل ۲۰۱۹ء

تھوک اور وعدہ بیوپار کے لئے ضروری ہدایات

تجارتی جنسوں میں اتار چڑھاؤ کے بعد ہی خرید و فروخت کرنا کامیاب تجارت کی چابی ہے۔ آگے گوچر گرہوں اور نچھتروں کی بنیاد پر چیزوں جنسوں میں روزانہ اتار چڑھاؤ اور مندی تیزی کی خصوصی لائنوں اور طوفان تیزی وغیرہ کی تفصیل لکھ رہے ہیں۔ دھیان رہے حاضر اور وعدہ تجارت کی مارکیٹ پر سیاسی سماجی و قدرتی آفات کا اثر پڑتا ہے۔ جنم کنڈلی میں نقصاندہ یا غیر یقینی گرہ سے متعلقہ جنس کا تجارت کریں۔ علم جیوتش و مالی پوزیشن کے مدنظر کسی خاص جنس کی خصوصی رپورٹ منگوانے کیلئے فی جنس کی ماہانہ رپورٹ -/1100 روپے دو ماہ کی رپورٹ کیلئے -/2100 روپے اور سالانہ -/9000 روپے کی رپورٹ منگوانے کیلئے فیش پیشگی روانہ کریں۔ مصنف: پنڈت وویک شرما جالندھر۔ فون نمبر 0181-2457959

جنوری : ماہ کے شروع میں یکم جنوری ۲۰۱۹ء کو ہی بدھ مولا نچھتر اور دھن راشی میں داخل ہو کر سورج اور شنی کے ساتھ میل کریگا۔ اسی دن شکر برشچک راشی میں آکر برہسپت کے ساتھ ایک راشی تعلق بنائیگا۔ یہ گرہ یوگ وایدہ اور حاضر بازاروں میں خاص اتھل پتھل لانے والا ہوگا۔ شیئر بازار میں بھی بینکنگ، سافٹ ویر، I.T، شیئرز بازار میں تیزی رہیگا۔ روئی، سرسو، اڑد، جو، مونگ، مونگ پھلی، السی میں اچھی تیزی بنیگا۔ گھی، کپاس، سوت، گیہوں، باجرا، سونا، چاندی، کوپر میں اچھی تیزی کا چانس ہے۔ جلد منافع کمالیں۔

۵ر جنوری کو سنیچر وار اماوس بھی سرسوں، سویابین، تل وغیرہ کریانہ جنسوں میں تیزی رہیگا۔ ۷ر جنوری کو سوموار کے دن چندر کا دیدار اور ۸ جنوری کو بدھ پورب میں غروب ہونے سے روئی، چاندی، گھی میں گھٹا بڑھی رہنے کے بعد معمولی مندی ہو۔ سونا، کپاس، ریڈی میڈ، کپڑے، ہلدی میں تیزی بنے گی۔

۱۱ر جنوری سورج اترا کھاڑہ نچھتر میں آئیگا۔ سورج بدھ شنی کا یوگ پہلے ہی چل رہا ہے۔ جلد ہی اڑد، مونگ، چاول، چنا، گیہوں، گڑ، کھانڈ، شکر، کپاس، چمڑا، سرسوں، سونے چاندی میں تیزی کا رُخ بن جائیگا۔

۱۴ر جنوری کو سورج مکر راشی میں آکر کیتو کے ساتھ میل کریگا۔ گھی، السی، گڑ، شکر، کھانڈ، روئی، سونے، چاندی میں تیزی بنے گا۔ گیہوں، چنا وغیرہ اناجوں، دالوں میں مندی کا چانس ہونے کے باجود تیزی کا رُخ رہنے کی امید ہے۔ ۲۰ر جنوری کو بدھ مکر راشی میں آکر سورج اور کیتو کے ساتھ میل کریگا۔ روئی، سونا، چاندی، چنا، گیہوں وغیرہ اناجوں میں تیزی کا رُخ رہیگا۔

۲۴ر جنوری کو سورج شرون نچھتر میں اور شنی پوکھا (۳) میں آئیگا۔ گیہوں، جوں، چاول، روئی، سوت، سن، سونا، چاندی، گڑ، کھانڈ، السی، سپاری، لونگ تیزی بنے گی۔ کپاس، جیرا، سرسوں، جو، جوار میں تیزی سے زیادہ فائدہ ہوسکتا ہے۔ ان چیزوں کا پہلے سے اسٹاک آپکے پاس ہونا چاہئے۔

۲۹ر جنوری شکر مول نچھتر اور دھن راشی میں آکر شنی کے ساتھ ایک راشی تعلق بنائیگا۔ سونا، چاندی، تانبہ وغیرہ دھاتوں میں تیزی کا اچھا رُخ بن سکتا ہے۔ روئی، کپاس، گھی، چینی، میں پہلے مندی بنکر پھر تیزی بنے۔ کروڈ آئیل، سرسوں، تلوں، کالی مرچ میں بھی تیزی بنے۔ شیئر بازار میں تیزی رہے۔ خاص کر سافٹ ویئر، IT سیکٹر میں۔ ۳۰ جنوری کو برہسپت جیشٹا (۳) میں آنے سے چاندی، گھی، روئی میں اچانک مندی کا جھٹکا لگ سکتا ہے۔ ہوشیار رہیں۔

فروری : ۶ر فروری کو سورج دھنیشٹا نچھتر میں آئیگا اور اسی دن بدھوار کو چندر درشن ہونے سے سونا چاندی وغیرہ دھاتو اور سبھی طرح کے رتن، مسور، گیہوں وغیرہ اناجوں، السی، روئی، گڑ میں تیزی بنے گی۔

۷ر فروری کو بدھ کنبھ راشی میں آئیگا۔ اس پر شنی کی خاص نظر رہے گی۔ حالانکہ بدھ یہاں اکیلا بازار میں گھٹا بڑھی کر مندی کا ماحول پیدا کرتا ہے۔ لیکن شنی کی نظر سے یہاں تیزی کا ماحول بنیگا۔ گھی، تیل، رس، گڑ، کھانڈ، روئی، چاندی، الائچی، مونگ، سونا چاندی میں اچھی گھٹا بڑھی کے بعد اچھی تیزی بنے گی۔

۱۳ فروری کو سورج کنبھ راشی میں آکر بدھ کی ساتھ میل کریگا۔ ان پر راشی کی نظر بھی رہنے سے بازار میں زوردار تیزی بنے۔ گھی، تیل، سرسوں، مونگ پھلی روئی، روئی، السی، ارنڈی، گیہوں، چنا وغیرہ اناوج گڑ، شکر، کھانڈ میں تیزی کا ماحول بنیگا۔ ۱۶ر فروری کو بدھ مغرب میں طلوع ہونے سے سونا چاندی، روئی، کپاس، گھی، بینک شیئرز میں پہلے مندی بنکر پھر تیزی کا رُخ بنیگا۔

۱۹ر فروری کو سورج شتبھکا نچھتر میں آنے سے سونا، چاندی، سوت، سن، کپڑے، تل، تیل، انرڈی، سرسوں، ہینگ، جے پھل، چھوہاڑا، ہلدی، گیہوں گڑ میں تیزی کا رُخ بنیگا۔ ۲۴ر فروری شکر مکر راشی میں آکر کیتو کے ساتھ میل کریگا۔ گیہوں، جوں، چنا وغیرہ اناجوں، سونا، چاند وغیرہ دھاتوں میں روئی، کپاس، کروڈ آئیل میں تیزی سے لابھ میلگا۔ شیئر بازار میں تیزی کا رُخ بنیگا۔

۲۵ر فروری کو بدھ مین راشی میں آئیگا۔ بدھ پر برہسپت کی کاص نظر رہے گی۔ روئی، گڑ، کھانڈ، شکر، میں مندی بنے۔ سونا چاندی، گھی میں پہلے تیزی بنا کر بعد میں تھوڑ مندی کا جھٹکا لگ سکتا ہے۔ بنولہ، کروڈ میں تیزی رہیگا۔ لیکن آکر مین سبھی جنسوں میں اور خورا کی اشیاء میں تیزی کا رُخ بنے گا۔

مارچ : ماہ کے شروع میں ۴ر مارچ کو سورج پوبھا نچھتر میں آئیگا۔ سورج پر شنی کی کاص نظر بھی رہے۔ ریشم، سونا، چاندی، گیہوں، چنا، اڑد، چاول، جوار، باجرا، گھی، سرسوں، تل، تیل، گڑ، کھانڈ، روئی میں تیزی بنے گا۔ بینک شیئرز میں بھی پہلے مندی بنکر جلد ہی تیزی کا جھٹکا لگے گا۔ اگر پہلے ہی

تیزی بنے تو بیچ میں مندی کا جھٹکا بھی لگ سکتا ہے۔ ۷/مارچ کو راہو متھن میں اور کیتو دھن راشی میں آکر شنی کے ساتھ میل کریگا۔ شنی راہو کا سم سپتک یوگ بھی بن رہا ہے۔ روئی، سوت، گیہوں، مکی، ہلدی، گھی وغیرہ کچھ گریانہ اور کھانے کی چیزوں میں زوردار تیزی کا جھٹکا لگیگا۔ جبکہ سونا، چاندی، وغیرہ ارہر، اڑد، چنا وغیرہ کچھ چیزوں میں اچھی مندی کا جھٹکا لگا کر ۲ دن میں تیزی بن جائیگا۔

۸/مارچ کو وکری بدھ پچھم میں غروب ہونے سے بھی چاندی، گھی، روئی، سونا میں پہلے مندی کا جھٹکا لگ کر بعد میں زوردار تیزی کا رُخ بن سکتا ہے اسی دن شکر کو چندر درشن بھی سرسوں، تل، تیل، چاول، گیہوں، اڑد، چنے، ارہر میں پہلے مندی لاکر بعد میں تیزی بنائیگا۔

۱۴/مارچ کو سورج مین راشی میں آئیگا۔ سورج پر برہسپت کی نظر رہے گی۔ جس سے سونا، چاندی، تل، تیل، السی، سرسوں، کھانڈ، گڑ، شکر، روئی، چنے وغیرہ اناجوں میں پہلے تیزی بن کر جلد ہی مندی کا رُخ بن جائیگا۔

۲۱/مارچ کو شکر کنبھ راشی میں آکر بدھ کے ساتھ میل کریگا۔ ان پر شنی کی خاص نظر بھی رہے گی۔ گرہ کے حالات خاص تیزی کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔ تلہن، سرسوں، السی، ارنڈی، روئی، چاندی، کھانڈ، چنا، جوں، مونگ، گڑ، گیہو، سونے میں زبردست تیزی بن سکتی ہے۔ اکیلا شکر کنبھ راشی میں حالانکہ مندی کرتا ہے مگر یہاں شنی کی نظر کے زیر اثر تیزی ہاوی رہیگا۔ شیئر بازار بھی تیز رہے

۲۲/مارچ کو منگل برکھ راشی میں آکر شنی کے ساتھ سٹاشٹک یوگ اور برہسپت کے ساتھ سم سپتک یوگ بنائیگا۔ بازار میں چل رہی اور زیادہ مضبوط ہوگا۔

۲۹/مارچ کو گرو مول پنچھتر اور دھن راشی میں آکر شنی اور کیتو کے ساتھ میل کریگا۔ ان پر منگل کی خاص آٹھویں نظر پڑ رہی ہے۔ حالانکہ اکیلا برہسپت یہاں کچھ چیزوں (گھی، چاندی، روئی) میں مندی کرتا ہے، لیکن گرہ یوگ کے اثر سے ہمارے خیال سے مندی نہ بنکر زبردست تیزی بنے گی۔ گڑ، کھنڈ، سویابین، سرسوں، ہلدی، شکر، سونا چاندی، تانبہ کاپڑ، نکل وغیرہ دھاتو میں تیزی بنے گی۔

اپریل : مارچ ماہ کے آخری ہفتہ سے چلا آرہا تیزی کا ماحول اپریل کے اول ہفتہ تک چلتا رہیگا۔ اس تیزی کے رُخ میں پرانا سٹاک اور حاضر میں جلد منافع کاٹتے جائیں۔

۱۰/اپریل دھن راشی میں برہسپت وکری ہوگا۔ اس وقت برہسپت شنی کیتو یوگ اور ان پر منگل کی خاص نظر چل رہی ہے۔ بازار کے رُخ میں اچانک تبدیلی ہوسکتی ہے۔ گیہوں چنا وغیرہ اناجوں، تل، تیل، گھی، گڑ، نمک، ہلدی، اڑد، سونا، چاندی مندی کی جگہ تیزی ہونگے۔ ۱۱/اپریل کو بدھ مین راشی میں آکر ۲-۳ کے لئے سورج کے ساتھ میل کریگا۔ سونا، چاندی، تانبہ وغیرہ دھاتوں، مونگ، جوں، الائچی میں گھٹا بڑھی کے بیچ پہلے تیزی ہوکر بعد میں تھوڑی مندی بن جائیگا۔ روئی، گڑ، کھانڈ، شکر میں مندی بنے۔ بنولہ السی تیز رہے۔

۱۴/اپریل کو سورج اشونی پنچھتر اور میکھ راشی میں آئیگا۔ برہسپت کی اس پر خاص نظر رہے گی۔ اسلئے روئی، کپاس، سوت، گھی، تیل، تل، سرسوں، ناریل، سپاری، بادام، گڑ، کھانڈ، شکر، سونا، چاندی میں تیزی بنکر جلد ہی تھوڑا مندی بن جائیگا۔ ۱۵/اپریل کو شکر مین راشی میں آکر اپنے اوچ حالات میں آجائیگا اور نیچ بدھ کے ساتھ میل کریگا۔ دو گرہوں کے درمیان اوچ نیچ کا میل سونے چاندی، چاول، تلہن اور شیئر بازار میں زبردست اتھل پتھل کا ماحول رہیگا۔ اس وقت کاروباری سمجھداری سے کام لیں۔ پہلے اچھی مندی کے بعد تیزی بنیگی۔

۲۸ اپریل کو سورج بھرنی پنچھتر میں آنے سے روئی، السی، میں مندی، سونا چاندی، تانبہ، مونگ، پیتل، لوہا اور گیہوں، چنا، چاول، السی، روئی، سرسوں کھانڈ گھی میں تیزی بنے۔ ۲۵ اور ۲۹/اپریل کو شیئر بازار میں اٹھا پٹھک رہیگی۔

۳۰/اپریل کو دھن راشی میں شنی وکری ہوگا۔ منگل شنی کے درمیان شڈاشٹک یوگ پہلے سے چل رہا ہے۔ کچھ جنسوں میں بھاری تیزی اور کچھ میں بھاری مندی کا رُخ بنیگا۔ گڑ، کھانڈ، چنے میں اچھی تیزی بنے گی۔ جبکہ سرسوں تیل، سویابین میں خاص مندی بنے گی۔

مئی : ماہ کے شروع تاری ۳ مئی کو بدھ اشونی پنچھتر اور میکھ راشی میں آکر سورج کے ساتھ ایک راشی تعلق بنائیگا۔ سونا، چاندی، مونگ، موتی، جواہرات وغیرہ دھاتو، گیہوں، چنا، جوں وغیرہ اناج اور تلہن، سرسوں، روئی، کپاس، گھی، گڑ، کھانڈ میں پہلے مندی بنکر جلد ہی تیزی کا رُخ بنیگا۔ ۴/مئی کو شنی واری اماوس وایدہ بازار میں تیزی لائیگا۔

۷ مئی کو منگل متھن راشی میں آکر راہو کے ساتھ میل کریگا اور شنی کے ساتھ سم سپتک یوگ بنائیگا۔ دھیان رکھیں۔ یہ بھاری تیزی کا گرہ حالات ہے۔ سیاسی حالات پر اس تیزی کے عناصر منحصر کریگا۔ شیئر بازار میں تیزی کا بول بالا رہیگا۔ جھٹکے ساتھ مندی بھی ممکن ہے۔ ہوشیاری سے کام کریں۔

۱۰ مئی کو شکر میکھ راشی میں آکر سورج اور بدھ کے ساتھ میل کریگا۔ ۱۵ مئی کو سورج برکھ راشی میں آکر برہسپت کے ساتھ سم سپتک یوگ بنائیگا۔ سونا چاندی، گڑ، کھانڈ، شکر، کپاس، روئی، سوت، بادام، سپاری، ناریل، تل، تیل، سرسوں میں تیزی بنکر جلد قیمت معمول پر آجائیگا۔ اسلئے جلد منافع کمالیں۔ جوں، چنا، گیہوں، مٹر، ارہر، مونگ، چاول میں کچھ مندی بنے۔

۲۱ مئی کو شکر بھرنی میں آکر سونا چاندی، افیم، لال رنگ کی اشیاء، سرسوں، تل، تیل، السی، گھی، اڑد، ناریل میں کچھ مندی، مگر چنا، مونگ، موٹھ میں تیزی بنے۔

۲۵ مئی کو سورج روہنی پنچھتر میں آکر بدھ کے ساتھ ایک پنچھتر تعلق بنائیگا۔ تل، تیل، ارنڈی، السی، سرسوں، گڑ، کھانڈ، گھی، گیہوں، جوں، چنا، جوار، بازرا، اون، سوت، سپاری، مرچ، رائی میں رایزی بنیگا۔ جلد ہی ان تیزی میں کمی آسکتی ہے۔ ۲۹ مئی کو بدھ مرگشر میں آکر سرسوں، گیہوں، تل، اڑد، راج ما، چنے میں مندی رہے روئی، چاندی میں گھٹا بڑھی ہوکر مندی بنے۔

جون : یکم جون کو ہی بدھ متھن راشی میں آکر منگل اور راہو کے ساتھ میل کریگا۔ انکا شنی کیتو کے ساتھ سم سپتک یوگ رہیگا۔ جن چیزوں میں پہلے تیزی چل رہی ہوگی بدھ ان میں زیادہ تیزی بنائیگا۔ سونا، چاندی، سرسوں،

روئی، شکر، مونگ، کھانڈ، بیسن، کروڈ آئیل، لال چیزوں میں جھٹکے کے ساتھ تیزی بنیگا۔ پہلے ہفتہ شیئر بازار میں بھی مندی تیزی کے جھٹکے لگیں گے۔

۴ جون کو شکر اپنی راشی برکھ میں آکر سورج کے ساتھ میل کریگا۔ سورج شکر کا برہسپت کے ساتھ سم سپتک یوگ بھی رہیگا۔ وایدا بازار میں اچھی گھٹا بڑھی چلے گی۔ سونا چاندی، روئی، کپاس، کھانڈ، نمک، شیئرز بازار کے I.T سیکٹر میں گھٹا بڑھی کے بیچ پہلے مندی پھر تیزی بنے گی۔ جلد منافع لیکر نکال لیں۔

۱۵ر جون کو سورج بھی متھن راشی میں آکر منگل بدھ اور راہو کے ساتھ میل کر چتر گرہی یوگ بنائیگا۔ سورج، منگل، بدھ، راہو کی شنی کیتو کے ساتھ سم سپتک یوگ بھی رہیگا۔ موجودہ گرہ حالات سیاسی اٹھا پٹھک اور قدرتی آفات سے فصلوں کے نقصان کے اشارے ہیں۔ اسلئے بازار میں افواہوں کی وجہ سے تیزی بن سکتی ہے۔ منافع لیکر نکل جائیں۔ کندمول، پھلوں، ریشم، سوت، کپاس، روئی، سرسوں لوہا، تل، گڑ کھانڈ، شکر چینی گھی، مونگ اڑد، گیہوں چنا، چاول، سونا چاندی میں زوردار تیزی بنے گی۔

۲۰ر جون کو بدھ کرک راشی میں آئیگا۔ اس پر برہسپت کی خاص نظر رہے گی۔ روئی چاندی، گڑ، دودھ، تیل، مونگ پھلی، سرسوں، سونے میں پہلے سے کچھ تیزی بنکر بعد میں مندی بن جائیگا۔ ۲۲ر جون کو منگل بھی کرک اپنی نیچ راشی میں آکر بدھ کے ساتھ میل کریگا۔ ان پر برہسپت کی خاص نظر رہیگی۔ اسی دن سورج بھی آردرا نچھتر میں آئیگا۔ روئی، سوت، کپاس، کھل، السی، ارنڈی، گیہوں، چاول، چنا، جوں، چاندی میں تیزی بنکر بھاؤ کچھ گر جائیگا۔

۲۸ جون کو شکر متھن راشی میں آکر سورج اور راہو کے ساتھ میل کریگا۔ انکا شنی کیتو کے ساتھ سم سپتک تعلق رہیگا۔ حالانکہ اکیلا شکر یہاں پر مندی کی وجہ ہوتا ہے مگر ہماری صلاح کے مطابق یہاں تیزی کا ماحول بنیگا۔ گیہوں، جوں، چنا، چاولوں میں زبردست تیزی بنے گی۔ گڑ، روئی، کپاس، سوت، کپڑا، ارنڈی، تل، تیل، سرسوں ارہر، السی، میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی بنے۔

شیئر بازار، I.T سیکٹر میں بھی تیزی رہیگا۔

جولائی: ۷ر جولائی کو کرک راشی میں بدھ وکری ہونے سے کھانڈ روئی، چاول، گھی، چاندی، کپاس، میں تیز بنے گی۔ شیئر بازار میں تیزی بنیگا۔

۱۱ر جولائی کو منگل مغرب میں غروب ہوگا۔ کرک منگل بدھ پر برہسپت کی خاص نظر ہے۔ روئی، گھی، سونے، چاندی میں تیز بنکر مندی کا جھٹکا لگ سکتا ہے۔ ہوشیار رہیں۔ گیہوں، چنا وغیرہ اناجوں، السی، جوں، چنا، گڑ، تیل، سویابین میں خاص تیزی بنے گی۔

۱۶ جولائی کو سورج کرک راشی میں آکر منگل اور بدھ کے ساتھ میل کریگا۔ ان پر برہسپت کی خاص اُچ نظر رہیگی۔ وایدا بازار میں جلد تیزی بنکر پھر سے کچھ مندی بن جائیگا۔ منافع کاٹ لیں۔ روئی، سوت، بادام، سپاری، پھل گڑ، کھانڈ، شکر، تل، ناریل، سرسوں چاندی وغیرہ میں تیزی بنکر کچھ دن بعد مندہ ہونگے۔

۲۹ جولائی کو وکری بدھ اور پورب میں طلوع ہونے سے گھی، اناج، شیئروں، چاندی، چنا، کپاس، کھل بنولے، روئی میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی بنے گی۔ ۳۰ جولائی کو وکری بدھ متھن متھن راشی میں راہو کے ساتھ میل کریگا اور انکا شنی کیتو کے ساتھ سم سپتک نظر تعلق بھی رہیگا۔ سونا، چاندی، بینک، شیئر، سویابین، تیل، میں اچھی تیزی کا جھٹکا لگے گا۔ منافع لیکر سودے کرلیں۔

اگست: ۳ر اگست کو سورج اشلیکھا نچھتر میں آئیگا۔ اسی دن بدھ پھر کرک راشی میں آکر سورج شکر، منگل کے ساتھ میل کر چتر گرہی یوگ بنائیگا۔ سیاسی اور قدرتی ماحول کی وجہ سے وایدہ بازار میں اتھل پتھل رہیگا۔ سونا چاندی، روئی، بنولہ، تیل، اڑد، چنا، گڑ، شکر، گھی، سرسوں، السی، سویابین میں تیزی بنے گی۔ جلد فائدہ اٹھالیں۔ ۸ر اگست کو منگل سنگھ راشی میں آکر برشچک راشی میں برشپت پر خاص نظر رکھے گا۔ سونا، چاندی، تانبہ، لوہا، وغیرہ دھاتوں میں شکر، کھانڈ، گیہوں، السی، روئی، لال جنسوں میں تیزی بنے گی۔

۱۷ر اگست کو سورج بھی سنگھ راشی میں آکر منگل اور شکر کے ساتھ میل کریگا۔ یہ چل رہی تیزی کو بڑھاوا دیگا۔ پھر بھی بازار کے رُخ کو دیکھ کر آگے بڑھیں۔ سونا چاندی، روئی، گڑ، کھانڈ، شکر، تل، تیل ارنڈ، سرسوں، سویابین اور لال رنگ کی چیزیں تیز ہونگی۔ شیئر بازار میں پہلے تیزی بعد میں مندی کا جھٹکا لگے گا۔

۲۶ر اگست کو بدھ مگھا نچھتر اور سنگھ راشی میں آکر سورج، منگل، شکر کے ساتھ میل کرکے چتر گرہی یوگ بنائیگا۔ اس یوگ کو خاص دھیان رکھیں کیوں کہ کئی بار بدھ چل رہی تیزی یا مندی دونوں کو بڑھاوا دیتا ہے۔ ہمارے صلاح کے مطابق موجودہ حالات میں وایدا بازار میں کافی تیزی کا اشارہ کر رہی ہے۔ چاہے کچھ وقت کے لئے ہی کیوں نہ ہو۔ سونا چاندی، سوت، روئی، وانوی کپڑے، تیل، سویابین، سرسوں میں اچھی تیزی۔ گڑ، کھانڈ، شکر میں بھی معمولی تیزی بنے۔

۳۱ر اگست کو شنی واری چندر درشن اور سورج بھی پوپھا نچھتر میں آکر منگل اور شکر کے ساتھ ایک نچھت بنائیگا۔ دھیان رکھیں۔ سورج منگل، بدھ شکر کا چتر گرہی یوگ بنا ہوا ہے۔ سونے، چاندی، گڑ، زیرا کھانڈ، سرسوں، سویا، تل، تیل گھی، گیہوں، جوار، چاول، اونی کپڑے، روئی میں تیزی کا ماحول بنیگا۔

ستمبر: ۲ر ستمبر کو بدھ پوپھا نچھتر میں آکر سورج، منگل، شکر کے ساتھ ایک نچھتر تعلق بنے گا۔ گڑ، کھانڈ، گیہوں، چنے، دودھ، اڑد میں مندی کی جگہ تیزی کا رُخ بنیگا۔ شیئر بازار بھی تیز رہیگا۔ وایدا اور حاضر بازار میں گھٹا کے درمیان تیزی کا رُخ ۶ ستمبر تک چلیگا۔

۹ر ستمبر کو بدھ اترا پھا نچھتر میں آکر شکر کے ساتھ ایک نچھتر تعلق بنے گا۔ اور شکر کنیا اپنی نیچ راشی میں آئیگا۔ شکر پرشنی کی خاص دسویں نظر بھی رہیگی۔ اڑد، مونگ، موٹھ، ارہر، سبھی طرح کی دالیں، چنے وغیرہ اناجوں، گڑ، چاول، کھانڈ، گھاس، اونی اور ریشمی میں تیزی بنے گی۔ چاندی میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی بنے گی۔

۱۰ر ستمبر کو بدھ کو بھی کنیا راشی میں آکر شکر کے ساتھ میل کریگا۔ ان پرشنی کی خاص نظر بھی رہے گی۔ روئی، جوں، چنا، گڑ، شکر، کھانڈ، ہلدی میں اچھی تیزی بنے۔ روئی، چاندی میں گھٹا بڑھی رہے۔ یہ تیزی کم وبیش ۱۴ ستمبر تک چلے گی۔

۱۷ر ستمبر کو سورج کنیا راشی میں آکر بدھ اور شکر کے ساتھ ایک راشی تعلق بنائیگا۔ اور ان پرشنی کی خاص نظر رہے گی۔ روئی، ناریل، سپاری، تل، تیل، لال مرچ، اور لال چیزوں، سونا، تانبہ، گڑ، سرسو، سویابین تیل، میں اچھی تیزی

بنے گی۔ روئی، چاندی میں پہلے مندی بنکر تیزی بنے گی۔ یہاں ہست پنچھتر کا شکر اگر کچھ جنسوں میں مدنی کریں، تو اسٹاک کر لینا چاہئے۔ آگے جا کر لابھ ملے گا۔ ۲۰ ستمبر کو بدھ پچھم میں طلوع ہونے سے روئی، چاندی، گھی، مونگ میں گھٹا بڑھی کے درمیان پہلے مندی پھر معمولی تیزی بنے۔

۲۵ ستمبر کو منگل کنیا راشی میں آکر سورج، بدھ، شکر کے ساتھ ایک راشی تعلق بنائیگا۔ ان پر شنی کی خاص نظر بھی رہے گی۔ منگل بھی چوتھے نظر سے شنی کو دیکھے گا۔ وایدا اور حاضر بازار مین خاص تیزی کا ماحول بنے گا۔ نوٹ کر لیں۔ آپ کے پاس اسٹاک ہونا چاہئے۔ روئی چاندی، سونا، اونی سوتی اور لال رنگ کے کپڑے، السی، گیہو، اور لال رنگ کے سبھی جنسوں مین تیزی رہیگا۔

۲۹ ستمبر کو بدھ تلا راشی میں آئیگا۔ شکر کی راشی میں بدھ مندی کی وجہ مانا جاتا ہے۔ مگر یہاں گرہ حال کے مطابق (سورج منگل کا شنی کے ساتھ نظر تعلق) مندی کی افواہ پھیلا جلد ہی تیزی کا ماحول بنیگا۔ روئی، گڑ، کھانڈ، سونا، تانبہ، چنا، بیسن، مکی میں اچھی تیزی بنے گی۔

